Posted On Kitab Nagri

کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی وٹس اپ کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

عشقِ جانم

ایمان زہرا

رات کے آٹھ بج رہے تھے اور وہ ادھر سے ادھر چکر لگا رہی

تھی مگر انتظار تھا کہ ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا۔۔۔

تھک ہار کر سیڑھیوں پر بیٹھ گئی۔۔۔۔

کب آئیں گے آپ، کوئی کسی کو اتنا ستاتا ہے کیا۔پلیز آجائیں شاہ۔۔۔۔۔۔۔۔

تبھی اس کے موبائل پر بیپ ہوئی تو فوراً سے موبائل آون کیا۔۔

میسج پر شاہ کا نام درج تھا اور لکھا تھا

"میرا انتظار مت کرنا، نہیں آؤں گا۔سو جاؤ"

کافی دیر موبائل کو دیکھتی رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

oooooooo

یہ ایک تاریخی میں ڈوبے کمرے کا منظر تھا جہاں دو شخص

بستر پر لیٹے ہوئے تھے، مگر دونوں ہی سونے کی ناکام کوشش کر

Posted On Kitab Nagri

رہے تھے

تبھی ان میں سے ایک بولا

کیا ہوا نیند نہیں آ رہی کیا۔۔۔۔۔۔

دوسرے نے اس کی طرف رخ کیا اور بولا۔

میں جانتا ہوں وہ سو نہیں پائے گی آج، میرے بتانے کے باوجود

اس نے میرا بہت انتظار کیا ہو گا۔۔

اس کے ساتھ لیٹا شخص اس کی آواز میں چھپا درد اچھے سے

محسوس کر سکتا تھا۔۔۔۔

مل آتے اس سے۔۔ویسے بھی دو دن ہیں نا

دوسرا شخص درد سے بھری مسکراہٹ کے ساتھ بولا

دو دن کم ہیں اور تم جانتے ہو گھر گیا تو اس کی جان کے دشمن

اس کے پیچھے پڑ جائیں گے۔۔۔۔

ساتھ لیٹے شخص نے اس کی طرف دیکھا اور بولا

مت کر زر ایسا کیوں خود کو تکلیف دے رہا ہے، کیسی کو بھی

اپنے اور اس کے درمیان بنے رشتے کی صفائی دینے کی ضرورت

نہیں۔جب تم دونوں جانتے ہو کہ تم دونوں کا رشتہ کیا ہے تو بس

پھر۔۔۔۔ آگ میں بھیجو سب کو اور سو جاؤ وہ بھی سو جائے

Posted On Kitab Nagri

گی۔۔۔۔

میں جانتا ہوں اسے تم نہیں اتنی جلدی تو سونے سے رہی، خیر تم بھی سو جاؤ۔۔۔۔۔۔

oooooooo

دوسری طرف میسج پڑھ کر اس نے فون رکھا اور تھکے انداز میں اپنے کمرے کی طرف چلی گئی مگر کافی دیر اس کا انتظار کرتی رہی۔

آج بھی اس کا انتظار ختم نہیں ہوا تھا۔کیا خدا کو اس پر رحم نہیں آتا، کب اس کا انتظار ختم ہو گا کبھی کبھی اسے لگتا اس کے ساتھ جب برا ہو جائے گا تب شاہ اس کے پاس آئے گا۔ اپنی سوچوں کو ایک طرف کر کے سونے لیٹ گی کل اس کا یونیورسٹی میں ٹیسٹ تھا اور صبح جلدی اٹھنا تھا۔ انتظار کرنا تو اس کی زندگی میں لکھا تھا جیسے۔۔۔۔

oooooo

یہ ایک چھوٹے گھر کا کمرہ تھا جہاں وہ بستر پر سو رہی تھی اور خواب میں دیکھ رہی تھی کہ وہ ایک راہداری سے گزر رہی ہوتی ہے وہ مکمل آرمی ڈریس میں تھی اور راہ میں آنے والے لوگ

Posted On Kitab Nagri

اس کو سلیوٹ کر رہے تھے اور وہ سر کو خم دے کر ان کے سلوٹ کا جواب دیتی تبھی وہ ایک کمرے میں داخل ہوئی تو اس کو کسی کے چلانے اور پکارنے کی آواز آئی اور وہ ہوش کی دنیا میں آئی کہ وہ خواب دیکھ رہی ہے یہ تو روز کا معمول تھا آرمی اس کا جنون تھی ابھی وہ اٹھتی کہ اس پر کسی نے ٹھنڈے پانی سے بھرا جگ اس کے منہ پر گرا دیا۔۔۔۔

oooooooo

ٹھنڈا پانی منہ پر پڑنے سے وہ مکمل ہوش میں آ گئی تھی۔

اس نے جیسے ہی اپنے سامنے کھڑی چہرے پر فاتحانہ مسکراہٹ لیے ایشل کو دیکھا جو رشتے میں اس کی سوتیلی بہن تھی مگر اس نے تو کبھی سگے سوتیلے کا فرق نہیں کیا مگر ان لوگوں نے ہمیشہ اس کو سوتیلی ہونے کا تانا مارا۔۔۔۔۔

تبھی اس کی سوتیلی ماں اس کے کمرے میں آئی

اٹھ جاؤ تم اب کیا تمھارا شاہی استقبال کرنا ہو گا کہ شہزادی حور عین اٹھ جائے حد ہو گئی اٹھو ناشتہ بناؤ پھر بولو گی میں لیٹ ہو رہی ہوں بہانے بنانا تو کوئی تم سے سیکھے آئی بڑی ہنہ۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

حور عین بس ان کو دیکھتی رہ گئی اور ٹھنڈی آہ بھر کر فریش ہونے چلی گئی یہ توان کا روز ہی کا معمول تھا اب تو وہ ان سب کی عادی ہو چکی تھی کیا اس کی زندگی میں یہی سب لکھا تھا کیا وہ کبھی نارمل زندگی نہیں گزار پائے گی۔اس نے اپنی سوچوں کو پرے جھٹکا اور جلدی سے فریش ہو کر ناشتہ بنانے چلی گئی اسے معلوم تھا اگر ناشتہ وقت پر نا ملا تو اس کو اور سننے کو ملے گا اور وہ یونیورسٹی سے بھی لیٹ ہو جائے گی جو وہ آج بلکل نہیں چاہتی تھی آج اس کا لاسٹ پریکٹیکل پیپر تھا جو ہر حال میں اس کو دینا تھا ورنہ امتحان میں اس کے نمبر کٹ سکتے تھے۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

oooooooo

اسلام وعلیکم سر۔۔۔۔۔

دونوں کمرے میں داخل ہونے کے ساتھ ادب سے سلوٹ کرتے بولے

وعلیکم السلام جوانوں۔۔۔۔

کیا حال ہے کیپٹن شاہ زر اور کیپٹن جبران۔۔۔۔

اللہ کا شکر ہے سر۔۔۔اس بار بھی دونوں نے باہم آواز سے جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

آج میں نے آپ کو کیسی اور کام سے بلایا ہے امید ہے انکار سننے کو نہیں ملے گا۔۔۔

ان کا کہنا تھا کہ جبران بول پڑا

سر آپ میجر سکندر شاہ ہم سے درخواست کر رہے ہیں زرا مجھے سنبھالنا میں بے ہوش ہی نا ہو جاؤں۔۔۔۔۔

جبران کی بات سن کر ان دونوں کے چہروں پر مسکراہٹ آگئی تھی۔

کیپٹن جبران سکندر شاہ آپ کبھی سیریس بھی ہو جایا کریں۔۔۔

میجر کی بات سن کر جبران نے برا سا منہ بنایا اور بولا

کبھی تو باپ والا رول کر لیں ہر وقت سر بنے رہتے ہیں ہفتہ ہو گیا ہے یہاں آئے مگر مجال ہے جو باپ بنے ہوں پتا نہیں میری بیچاری ماں کیسے آپ کے ساتھ گزارا کرتی ہیں۔۔۔

ابھی اس کی بات پوری نہیں ہوئی تھی کہ میجر بول پڑے

بس کرو یار بات تو سن لیتے تم لوگوں کو چھٹی ہی دینے والا تھا

میجر کی بات سن کر دونوں ہی خوش ہوئے تھے اور اب آرام سے ان کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے

میجر سکندر شاہ آرمی کے قابل افسروں میں سے تھے اور انھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کی خواہش پر ان کا بیٹا جبران سکندر شاہ آرمی کا حصہ بنا مگر

انھوں نے کبھی اس کی سفارش نہیں کی بلکہ اس کے ساتھ

سخت سلوک کیا مگر مجال ہے جبران کبھی سیریس ہوتا جبران

جتنا خوش مزاج تھا کام کے وقت اتنا ہی سنجیدہ ہوتا۔

جبران ہی کی بدولت سکندر شاہ کیپٹن شاہ زر کو جانتے تھے

پی ایم اے سے ہی دونوں کی دوستی بہت گہری تھی

اچھا اب میری بات سنو 14 اگست کو ایک یونیورسٹی میں

پروگرام ہو رہا ہے اور اس میں تم دونوں کو جانا ہے تم لوگوں کے

Posted On Kitab Nagri

ساتھ اور بھی افسران ہوں گے یہ پروگرام بڑے پیمانے پر ہو رہا ہے

اس لیے اس کی سکیورٹی کی زمہ داری آرمی کو دی گئی ہے تم

دونوں ہال میں ہی نظر رکھو گے باقی تم لوگ دیکھ لینا اور میں

کچھ اور افسران کے ساتھ وہاں چیف گیسٹ ہوں گا وہاں کی

سکیورٹی کی زمہ داری ہماری ہے اس کے بعد تم لوگ اپنے اپنے

گھر جا سکتے ہو۔۔۔

دونوں نے بڑی توجہ سے ان کی بات سنی اور یک آواز بولے

جی سر ہم اس زمہ داری کو نبھائیں گے۔۔

ٹھیک ہے اب تم لوگ جا سکتے ہو۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

○○○○○○○○○

حورعین ناشتہ بناتے وقت لیٹ ہو گئی اور اب جب کلاس شروع

ہونے سے پانچ مینٹ پہلے پہنچ گئی تو اس کی جان میں جان آئی

بغیر کسی سے بات کیے وہ اپنی سیٹ پر گئی تو کچھ دیر میں پیپر بھی شروع ہو گیا۔

جب پیپر دینے کے بعد وہ کلاس روم سے باہر آئی تو ادھر ادھر

دیکھنے لگی پھر کچھ سوچتے ہوئے وہ کینٹین کی طرف بڑھی اور

اس کے عین مطابق وہ اس کو کینٹین میں ہی ملی

حورعین سر نفی میں ہلاتے اس کے پاس گئی اور ہاتھ میں تھامی

کتاب اس کے سر پر دے ماری۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اف حور سر توڑ دیا میرا کچھ لحاظ ہی کر لو یار کچھ دنوں میں

میں دلہن بننے والی ہوں کوئی دلہن پر ایسا ظلم کرتا ہے کیا۔۔

یہ تھی ہانیہ ماجد حورعین کی بچپن کی دوست اور ہم راز۔

دونوں ایک دوسرے کے بارے میں سب جانتے اتنا جتنا ان کے گھر

والے بھی ان کو نہیں جانتے ہوں گئے۔۔۔۔۔

ہانی کی بچی میں تمہارا خون پی جاؤں گی تمہیں کھانے کے

علاوہ کچھ سوجھتا بھی ہے۔۔۔

حور کی بات پر ہانی شرمانے کی بیکار ایکٹینگ کرت بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اف حورا ابھی تو میرا نکاح بھی نہیں ہوا اور تم بچی کی بات

کرتی ہو اور جہاں تک بات ہے سوچنے کی تو میں سوچتی ہوں نا

اپنے سر کے سائیں کو۔۔۔۔۔

تم، تم مرو میں جا رہی ہوں

حور اتنا کہہ کر جانے لگی تو ہانیہ نے فوراً سے اس کا ہاتھ پکڑ کے

اس کو اپنے پاس بیٹھا لیا اور بولی

اچھا معاف کر دو اب کچھ نہیں بولتی

حور بھی بیٹھ گئی

حور مجھے بتاؤ شاہ بھائی آ گئے کیا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہانی کی بات پر حور کی آنکھیں پھر پانی سے بھر آئیں اور حور

کو دیکھ ہانیہ سمجھ گی اس بار بھی انتظار اس کا مقدر تھا۔۔۔

حور بھرائی آواز میں بولی

"انسان دو چیزوں میں بے بس ہوتا ہے

ایک غم بھولنے میں اور دوسرا خوشیاں خریدنے میں۔۔"

حور کو دیکھ ہانیہ کو اس پر افسوس ہوتا بچپن سے لے کر آج تک

اس نے کتنی مصیبتوں کا سامنا کیا پتا نہیں کب اس کی زندگی

بھی نارمل ہوتی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہانیہ نے دل سے دعا کی تھی

"یااللہ حور کی زندگی آسان کر دے اس کی زندگی خوشیوں سے بھر دے"

○○○○○○○○

شاہ زر اور جبران آفس سے نکلتے ہی باہر بنے چھوٹے سے گارڈن

میں آ گئے

جبران کچھ دیر خاموشی سے شاہ زر کے ساتھ چلتا رہا پھر تنگ آ

کر بول پڑا

کیا ہے زر کچھ منہ سے بول بھی کیوں اداس مورت بنا پڑا ہے۔۔۔

شاہ زر پاس بنے بینچ پر بیٹھ گیا اور بولا

Posted On Kitab Nagri

سوچ رہا ہوں نین کو بتاؤں یا نہیں اگر پھر کسی وجہ سے نا جا

پایا تو اس کا دل ٹوٹ جائے گا

جبران اس کی حالت سمجھ سکتا تھا اس لیے بولا

تو اس کو نہ بتا بلکہ اس کو سرپرائز دے جا کر خوش ہو جائے گی

اور اپنی اس آرمی میں آنے کا بتائے گا کب تو نے گھر میں کیسی

کو نہیں بتایا چار سال ہو گئے ہیں اب تو

گھر میں کیسی کو فرق نہیں پڑتا اور اگر نین کو بتایا تو وہ

پریشان ہو جائے گی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہم جیسے تیری مرضی۔۔۔۔۔۔

جبران بس اتنا ہی بول پایا

oooooooooo

ہانیہ ابھی کچھ کہتی کہ ایک سٹوڈنٹ نے آکر بتایا کہ حورعین

کو پرنسپل بولا رہے ہیں

حورعین جانتی تھی اس کو کیوں بولا رہے ہیں اس لیے ہانیہ کو

جانے کا کہتی خود پرنسپل آفس کی طرف بڑھ گئی

حورعین پوری یونیورسٹی میں اردو سپیچ کی بہترین سٹوڈینٹ

تھی اور کئی مقابلے جیت چکی تھی اب بھی جشنِ آزادی کے

Posted On Kitab Nagri

موقع پر منعقد پروگرام میں شرکت کرنے کے لیے سب اس کو منا

رہے تھے مگر وہ مان نہیں رہی تھی اسی سلسلے میں پرنسپل سر

اس کو بولا رہے تھے

حورعین دروازہ کھٹکھٹنے اور اجازت لینے کے بعد کمرے میں آئی

سر آپ نے مجھے بلایا تھا

جی حورعین بیٹھو آپ کیوں پروگرام میں شرکت کرنے سے مانا کر

رہی ہیں

حورعین نے پرنسپل کی طرف دیکھا اور بولی

سر آپ کیسی اور کو کہہ دیں میں اس بار نہیں کرنا چاہتی--

Posted On Kitab Nagri

پرنسپل پھر بولے

حورعین بیٹھا میری مانو آپ اس میں تقریر کرو وہاں آرمی کے

بڑے افسران بھی شرکت کریں گے اور یہ ہماری یونیورسٹی کے نام

کا سوال ہے۔۔۔۔

حورعین منا نہ کر پائی اور مان گئی

لیکن سر میں صرف کچھ باتیں بولوں گی پلیز۔

جیسی تمھاری مرضی۔۔۔۔

تھینکس سر۔۔۔۔

حورعین گھر آگئی تھی اور اب کل کے پروگرام کی تیاری کر رہی

Posted On Kitab Nagri

تھی

تیاری کرنے کے بعد اس نے گھر کا کام مکمل کیا اور پھر اپنے کمرے

میں آگئی

بستر پر لیٹتے ہی پھر سے اس کو شاہ کی یاد آئی

کیوں شاہ کیوں مجھے تنگ کر رہے ہیں آجائیں نہ میرے پاس

میں نہیں رہ پاؤں گئی آپ کے بغیر۔۔۔۔۔

انہی سوچوں میں کب وہ سوئی اسے پتا ہی نہیں چلا

oooooooo

اف ایک تو پتا نہیں میرے اس میجر باپ کو مجھ پر ترس کیوں

Posted On Kitab Nagri

نہیں آتا اچھے سے جانتے ہیں مجھے ماں سے ملنے جانا تھا مگر

اب ڈیوٹی دو

جبران کو اس وقت سخت چڑ ہو رہی تھی کیوں کہ اس وقت وہ

یونیورسٹی میں آنے والے ہر شخص پر نظر رکھے ہوئے تھے

شاہ زر نے اس کو آنکھیں دیکھائیں اور بولا

شرم کر ان سب کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے اب اپنا کام کر

کوئی بکواس نہیں

شاہ زر کی ڈانٹ پر جبران منہ بنا کر کام پر لگ گیا اس کا منہ بنانا

Posted On Kitab Nagri

شاہ زر دیکھ نہ پایا کیونکہ اس وقت انھوں نے منہ پر ماسک

لگایا ہوا تھا

تبھی انہیں پروگرام شروع ہونے کی خبر ملی تو اندر کی طرف

چل پڑے

oooooooo

حورعین جب سے یونیورسٹی آئی تھی اسے ٹینشن ہو رہی تھی کہ

وہ آرمی والوں کے سامنے کیسے بول پائے گی آرمی اس کا جنوں

تھی جہاں آرمی والے کو دیکھتی نروس ہو جاتی۔اب بھی اس

کی یہی حالت تھی جب پرنسپل سر نے اس سے کہا

حورعین آرمی افسران بھی انسان ہیں ان کو بھی نارمل انسان

Posted On Kitab Nagri

سمجھو اور بس اپنے انداز میں بات کرنا سوچو تم وہاں اکیلی

کھڑی ہو۔اب جاؤ تمہاری باری آنے والی ہے

جی سر۔۔۔۔۔۔

حورعین اپنی باری پر سٹیج پر آئی اور ماریہ میں بولنا شروع کیا

اسلام و علیکم!

میں حورعین ہوں آخری سمیسٹر کی سٹوڈینٹ۔۔۔۔۔

حورعین کی آواز پر جہاں سب اس کی طرف متوجہ ہوئے وہیں

ہال میں آتے شاہ زر کی بھی نظر اس پر گئی تو پلٹنا بھول گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

شاہ زر کو امید نہیں تھی کہ وہ اس طرح نین سے ملے گا وہ بس

خاموشی سے اس کو سن رہا تھا

سب سے پہلے آپ سب کو جشنِ آزادی مبارک ہو۔ آزادی پاکستان

ہمارے لیے ایک بہت بڑی نعمت ہے جس میں رہتے ہم اپنے مذہب

کو ترجیح دیتے اور اس پر عمل کرتے ہیں

میرا آج کا موضوع ہے

" باحیثیت فرد پاکستان"

ہم سب پاکستانی ہیں اور فرد پاکستان ہونے کی حیثیت سے ہماری

کچھ زمہ داریاں ہیں آپ سب کو بھی پتا ہوں گئ تو آپ ہی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بتائیں ہماری کیا زمہ داریاں ہیں

حورعین کے پوچھنے پر کئی سٹوڈینٹ نے جواب دیا

ایک نے کہا

"اپنے ملک کی حفاظت"

تو دوسرے نے کہا

"ملک کی ترقی"

کئی ایسے ہی جواب آئے

حورعین پھر سے گویا ہوئی

آپ سب نے جواب دیے اب آپ لوگ اپنی ہی باتوں پر زرا غور کریں

کیا آج ہم اپنے ملک کی حفاظت کر رہے ہیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نا۔۔۔۔ارمی تو اپنا کام سرانجام دے رہی ہے مگر باحیثیت فرد

پاکستان کیا ہم پاکستان کی ترقی کے لیے کچھ کر رہے ہیں

ہم وہ لوگ ہیں جو اپنی حفاظت نہیں کر سکتے تو ملک کی کیا

حفاظت کریں گئے۔

ہم وہ لوگ ہیں جو اپنے ضمیر سے جھوٹ بولتے ہیں ہم کیسے اپنے

ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے ہم اگر کچھ غلط کام

کرنے لگتے ہیں تو ایک بار ضمیر سے آواز آتی ہے کہ یہ غلط ہے اور

ہم، ہم اس کو سولا دیتے ہیں کہ یہ ہمارے فائدے کے لیے ہے

ہم آج اپنے ہی ملک سے غداری کر رہے ہیں ہماری آنکھوں کے سامنے

Posted On Kitab Nagri

کرپشن ہو رہی ہو گی تو ہم اس کو روکنے کی کوشش نہیں کریں

گے کہ اگر ہم نے اس کو روکا تو کہیں وہ ہم پر ہی الزام نہ لگا دے

یا اگر کوئی افسر ہو گا تو ہماری نوکری نہ چلی جائے بس اس ڈر

سے ہم کچھ نہیں بولتے بلکہ اس کا ساتھ دیتے اور خود بھی

فایدہ حاصل کرتے ہیں یہ جانتے ہوئے یہ غلط ہے

آج کے 14 اگست اور اس 14 اگست میں جب پاکستان پہلی بار

آزاد ہوا تھا زمین آسمان کا فرق ہے

اس وقت لوگ سانجھے تھے ایک دوسرے کے غموں کو سمجھتے

Posted On Kitab Nagri

تھے مگر آج لوگ بانٹے جا چکے ہیں کوئی علاقے کا تو کوئی ذات

کا اس ملک کا کوئی نہیں رہا

ہمیں اس بات کو تسلیم کرنا ہے کہ باحیثیت فرد پاکستان ہم کچھ

نہیں کر رہے اگر آج یہ ملک آزاد ہے تو اس میں ہمارے بزرگوں کا

ہاتھ ہے ہمارا نہیں انھوں نے اس کو قربانیاں دے کر آزاد کروایا

آج بھی صرف آرمی ہے جو اس کی حفاظت کر رہے ہیں

ہم کچھ اور نہیں تو اتنا تو کر سکتے ہیں کہ اپنی حفاظت کر لیں

اپنے گھر والوں کی حفاظت کر لیں۔ایک یہ آرمی کے نوجوان ہیں

جو ملک پر جان دینے میں اک سیکنڈ نہیں لگاتے جن کی شہادت

Posted On Kitab Nagri

پر ان کے گھر والے اپنا سر فخر سے بلند کرتے ہیں اور کہتے ہیں

اگر ہمارے دس بیٹے ہوتے تو ان کو بھی وطن پر قربان کر دیتے

کیا یہ کسی کے باپ، بھائی، شوہر، اور بیٹے نہیں کیا ان کی کوئی

زندگی نہیں جو اپنے ملک کے ساتھ ساتھ ہماری بھی حفاظت

کرتے ہیں

اگر ہم اپنی حفاظت خود کرنے لگیں تو ان کا کام آسان کر سکتے

ہیں مگر نہیں ہم تو سمجھتے ہیں ہماری حفاظت ان کے ذمے ہے

آج آزادی کا ایک نیا سال شروع ہو رہا ہے اور ہمیں خود سے عہد

Posted On Kitab Nagri

کرنا ہے کہ ہم کم از کم اپنی حفاظت کریں گے اور آرمی کے

نوجوانوں کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر ہر مشکل کا سامنا کریں گے۔۔۔۔۔

شکریہ

حورعین کے خاموش ہوتے ہی ہر طرف تالیوں کا شور مچ گیا

حورعین خاموشی سے اپنی نشست پر آ گی

تبھی جبران شاہ زر سے بولا

واہ کیا بولی ہے لفظوں کا ہنر اچھے سے آتا ہے اسے

شاہ زر نے اس کی طرف دیکھا اور بولا

میری نین ہے ہی ایسی

Posted On Kitab Nagri

اور فخر سے سر بلند کیا

جبران پہلے تو اس کو دیکھتا رہا پھر بولا

یہ تیری وہ، یعنی نین ہے۔۔۔۔

جبران کو تو یقین نہیں آرہا تھا

ہم میری نین ہے یہ

تو جانا مل لے اس سے۔۔۔۔

شاہ زر نے جبران کو ایک لگائی اور بولا

ہم اس وقت آرمی آفیسر ہیں اور وہ یہ بات نہیں جانتی

Posted On Kitab Nagri

جبران کو بھی سمجھ آگیا اور خاموش ہو گیا

یوں ہی پروگرام ختم ہو گیا

آخر میں قومی ترانہ پڑھا گیا تو سب ادب سے کھڑے ہو گئے

سوائے ایک کے وہ مزے سے موبائل میں مصروف تھی جبران نے

اس کو دیکھ لیا تھا

ترانہ ختم ہوا سب لوگ جا رہے تھے

ہال تقریباً خالی ہو گیا تھا جبران شاہ زر کو جانے کا کہہ کر اس

لڑکی کی طرف آیا

جبران کا چہرہ ماسک کے پیچھے چھپا ہوا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جبران اس کے پاس گیا

Hy you.....

وہ لڑکی کوئی اور نہیں بلکہ ایشل تھی

جی آپ نے مجھ سے کچھ کہا

جی مس آپ سے۔۔۔۔۔۔

جبران کا انداز سخت تھا

آپ کھڑی ہوں۔۔۔

کیوں۔۔۔

ایشل نے آئی برو اچکائی

جبران نے گن نکال کر اس کے سامنے لہرائی اور بولا

ہم ملک کے محافظ ملک کی عزت کرنے والوں کو سیدھا اوپر پہنچا

Posted On Kitab Nagri

دیتے ہیں اور آپ انھی میں سے ایک ہیں قومی ترانے کے وقت آپ

بیٹھی تھیں مینز آپ کو کوئی فرق نہیں پڑتا سو اب آپ کے پاس

دو آپشن ہیں یا قومی ترانے کو دوبار پڑھیں یا اوپر جانے کے لیے

تیرا ہو جائیں

جبران بولنے کے ساتھ ساتھ اس کا چہرہ بھی دیکھ رہا تھا جو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مرنے کی بات پر سفید پڑ گیا تھا جبران۔نے بہت مشکل سے اپنی

ہنسی روکی آخر اس کو سبق بھی تو سکھانا تھا

نہیں میں پڑھتی ہوں آپ مجھے مت مارنا

Posted On Kitab Nagri

اور پھر ایشل نے سیج میں ترانہ پڑھا اور فوراً سے ہال سے باہر بھاگی۔۔۔

جبران ہنس پڑا اور چلا گیا۔۔۔۔۔

ooooooooooo

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی وٹس اپ کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

ooooooo

Posted On Kitab Nagri

جبران ہال سے باہر آیا تو شاہ زر کو اپنا منتظر پایا اور بولا

تم یہاں کیا کر رہے ہو میں نے تو کہا تھا تجھے چلا جا۔

تو شاہ زر بولا۔

تیرا انتظار کر رہا ہوں آجا اکٹھے چلتے ہیں۔۔۔

دونوں بیرونی دروازے کی طرف چل پڑے کہ تبھی حور عین اور

ہانیہ نے ان کا راستہ روکا اور بولیں

سوری سر ہم نے آپ کو روکا مگر پلیز جاتے وقت ہمیں ایک آٹو

گراف دے جائیں

دونوں ہی آرمی کے لئے پاگل تھیں۔

Posted On Kitab Nagri

جبران اور شاہ نے آٹو گراف دیا مگر شاہ کی نظر بار بار حور عین

پر جا رہی تھی اس کا دل چاہ رہا تھا کہ نین کو بتا دے کہ میں

تمہارا شاہ ہوں مگر فلحال وہ نہیں بتا سکتا تھا اسی لئے صبر کر گیا

جبران ان کے ساتھ باتوں میں لگ گیا تبھی شاہ کا فون بجا تو سننے کے لیے سائیڈ پر گیا

فون سنتے وقت شاہ کا چہرہ ایک دم سنجیدہ ہو گیا تھا جبران کو کچھ گڑبڑ لگی

شاہ جبران کے پاس آیا اور بولا

ہمیں چلنا ہو گا سر کا فون آیا ہے ایک ایمر جنسی ہے---

جبران اداسی سے بولا

یعنی اس بار پھر ہم گھر نہیں جا پائیں گے چلو اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہیں---

Posted On Kitab Nagri

کیسی نے صحیح کہا تھا

"ہم فوجی ہیں مگر بارود سے نہیں بنے

نہ ہمارے سینوں میں دل کی جگہ پتھر ہے

نہ ہماری آنکھوں میں پانی کی جگہ آگ

ہم ایک دم تمہارے جیسے ہیں،

ہمیں بھی جب اپنوں کی یاد ستاتی ہے تو چین کا سانس نہیں لینے دیتی

ہماری سانسوں میں پاکستان ہے مگر یادوں میں ماں باپ ہیں،

کسی کی فوٹو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں تو کسی کی دعائیں سن کر جیتے ہیں۔

لیکن جب گھر سے چٹھی آتی ہے تو ہونٹوں سے لگا کر روتے ہیں

Posted On Kitab Nagri

ہمیں دعاؤں اور مرہموں کی کمی نہیں،

مگر جب گولی بازو چیر کر نکلتی ہے تو ماں کی وہ پھونکیں یاد آتی ہیں۔

اور دوسروں کی ماں سے ان کی اولاد جدا ہونے کے ڈر سے اپنی ماں سے الگ ہو جاتے ہیں۔

ہم سچے فوجی ہیں جو اپنے ملک کے لئے جان دینے سے پہلے ایک سیکنڈ نہیں سوچتے"....

oooooooooo

جبران اور شاہ حور عین اور ہانیہ کی طرف آئے اور بولے

اب ہمیں چلنا ہو گا۔

شاہ نے حور عین کو دیکھتے ہوئے کہا

کبھی کبھی انسان ایسی مجبوری میں پھنس جاتا ہے کہ اپنے

Posted On Kitab Nagri

وعدے نبھا نہیں پاتا مگر ہمیں چاہیے ہم ان کو معاف کر دیں کیا

پتاان کی زندگی کتنی لکھی ہو۔۔۔۔۔۔

حورعین کو شاہ زر کی بات عجیب لگیں گی مگر پھر سر جھٹک کر ان دونوں کو جاتے دیکھنے لگی

حورعین کو سمجھ نہیں آرہا تھا کہ اس نے یہ کیوں کہا

پھر ہانیہ کے بازو ہلانے پر ہوش میں آئی اور اس کی طرف متوجہ ہوئی

حور میرا کل نکاح ہے تم میرے ساتھ آج گھر چلو آج رات میرے ہی گھر رہنا

حورعین نے ہانیہ کو دیکھا اور بولی

جیسے تم تو جانتی ہی نہیں ہو نا میرے گھر میں کیا حالات ہیں

Posted On Kitab Nagri

پھر بھی تم کہہ رہی ہو کہ رات رکوں نہیں میں نہیں رک سکتی صبح آجاؤں گی۔۔۔

ہانیہ نے برا سامنہ بنایا اور بولی

ٹھیک ہے مگر تم میرا دیا ہوا ہی ڈریس پہنو گی اس بات پر میں تمہاری نہیں مانوں گی

اچھا ٹھیک ہے اب مجھے گھر جانے دو۔۔۔

اور دونوں مل کر اپنے اپنے راستے چل پڑیں۔

ooooooo

دوسری طرف ایشل ہال سے باہر نکلتے ہی بغیر کسی سے ملے گھر چلی آئی

اور آتے ہی کمرے میں بند ہو گی

آج سے پہلے اس کے ساتھ ایسا کبھی نہیں ہوا تھا نہ جانے وہ شخص کون تھا مگر وہ سچ میں ڈر گئی تھی

Posted On Kitab Nagri

وہ ایک فوجی تھا اور اس کے ساتھ کچھ بھی کر سکتا تھا اس نے

کہا تھا کہ ملک کی قدر نہ کرنے والوں کو وہ زندہ نہیں چھوڑتا۔۔۔

ایشل اس کا چہرہ نہیں دیکھ پائی کیونکہ وہ ماسک سے ڈھکا ہوا تھا

ایشل کو بچپن سے ہی فوجیوں اور گن سے ڈر لگتا تھا

وہ سوچ چکی تھی آئندہ کسی فنکشن میں نہیں جائے گی جہاں آرمی ہو۔۔۔۔۔

اور فریش ہو کر سونے لیٹ گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

oooooooo

حورعین گھر آتے ہی فریش ہوئی اور گھر کے کاموں میں لگ گئی

کہ وہ جانتی تھی اگر گھر کے کام نہ کیے تو پھر اس پر الزامات

Posted On Kitab Nagri

کی بوچھاڑ کر دی جائے گی اور ابھی تو اس کو ویسے بھی کل

ہانیہ کے نکاح میں جانے کے لیے اجازت لینی تھی جو کہ وہ

جانتی تھی کہ کئی باتیں سننے کے بعد ملے گی۔۔۔

رات تک حورعین بہت تھک چکی تھی اس کا پورا بدن درد کر رہا

تھا اس کا دل چاہا کہ وہ سکون سے سو جائے اور کل ہانیہ کے

نکاح میں بھی نہ جائے مگر پھر دوستی کا خیال کر کے جانا تھا

اسی لیے فی الحال آرام کرنے لیٹ گئی کہ صبح کی صبح دیکھی جائے گی

حورعین کو اجازت اس شرط پر ملی تھی کہ پہلے صبح وہ سارے

کام کر کے جائے گی اسی لیے صبح بھی اسے جلدی اٹھنا تھا تو وہ سب کچھ بھول کر لیٹ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

ooooooo

oooooooo

صبح ہوتے ہی حور نے سارا کام ختم کیا اور فٹافٹ اجازت لے کر

ہانیہ کے گھر کی طرف روانہ ہو گئی ہانیہ نے ڈرائیور بھیج دیا تھا

جس کی وجہ سے وہ اسی کی گاڑی میں آئی اور اب گاڑی ان کے

گھر کے پورچ میں آرو کی۔

حور کے لیے یہ گھر انجانا نہیں تھا وہ بچپن سے یہاں آتی تھی

دونوں بچپن کی دوست تھیں اور بچپن سے ایک دوسرے کے

Posted On Kitab Nagri

گھر بھی آنا جانا تھا حور کے گھر کے حالات ہانیہ کو پتہ تھے

اسی لئے ہمیشہ وہ حور کو اپنے پاس بلا لیتی اور صرف ہانیہ کے

ماں باپ ہی نہیں بلکہ ہر کوئی حور کو اچھے سے جانتے تھے اور

ہانیہ کی ماں حور کی ماں کی دوست بھی تھیں اس لیے ان کے

کہنے پر حور عین ہانیہ کے ماں باپ کو ہانیہ کی طرح مما بابا

کہتی۔ حور اندر کی طرف بڑھ گئی۔ ہر کوئی اپنے کام میں لگا ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تھا لاؤنج میں ہی ہانیہ کی ماما اسے نظر آ گئی وہ ان کی طرف

بڑھی اور سلام کیا

اسلام علیکم ماما،

Posted On Kitab Nagri

ہانیہ کی مما پیچھے مڑیں تو حور کو دیکھ کر خوشی سے ملی

اور بولی

وعلیکم السلام بیٹا،

یہ کیا بات ہوئی آپ اب آ رہی ہیں آپ کی دوست اور بہن کا نکاح

ہے۔بہن کی بھی کوئی ذمہداریاں ہوتی ہیں۔۔۔

ان کا ناراضگی سے کہنا حورعین کو ہنسنے پر مجبور کر گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آہ مما سوری پر آپ جانتی ہیں سب، لیکن میں وعدہ کرتی ہوں

شادی پر ایک ہفتہ پہلے آجاؤں گی۔۔۔

تبھی پیچھے سے آواز آئی

Posted On Kitab Nagri

مامی اس کی باتوں میں نہ آیئے گا اس وقت پھر اس کے پاس

کوئی نا کوئی بھانا ہو گا ابھی دیکھ لیں ایک ہفتہ ہو گیا ہے

مجھے آئے مگر مجال ہے جو یہ مجھ سے ملنے آئی ہو ویسے تو

بھائی کہتی ہے بہن ایسی ہوتی ہے جو ہفتے بعد بھائی سے ملنے

آئے۔۔

حور نے اس کو دیکھا اور بولی

بھائی ایسے نہیں ہوتے وہ خود بہن سے ملنے آجاتے ہیں۔۔

حور کی آواز بھر آئی تھی تبھی ہانیہ وہاں آئی اور آتے ہی شروع

Posted On Kitab Nagri

ہو گئی۔۔۔

زرار آپ کی ہمت کیسے ہوئی حور کو رولانے کی۔اتنا ہی اس کا

خیال ہو تا تو خود مل آتے نا۔

ہانیہ حور کو ساتھ لگائے زرار کی کلاس لینے میں مصروف ہو

گئی۔۔

زرار ہانیہ کی پھپھو کا بیٹا تھا ہانیہ کے والد کی ایک ہی بہن تھی

اور ہانیہ کی والدہ اپنے والدین کی ایک ہی بیٹی تھیں۔اوپر سے

ہانیہ کی پھپھو کا بھی ایک ہی بیٹا تھا زرار احمد۔۔زرار کے والد

کا کچھ سالوں پہلے ایکسیڈنٹ کی وجہ سے انتقال ہو گیا تھا اور

Posted On Kitab Nagri

تب سے وہ لوگ ادھر ہی رہتے تھے۔

زرار کا کینیڈا میں اپنا بیزنیس تھا اور وہ اکثر ملک سے باہر رہتا

تھا۔

زرار شروع سے ہی ہانیہ کو پسند کرتا اور ہانیہ بھی۔ان دونوں کی

پسندیدگی دیکھ کر ان کے والدین نے ان کا رشتہ طے کر دیا اور

اب زرار کے کہنے پر ان کا نکاح کیا جارہا تھا زرار کا کہنا تھا کہ

جب ہانیہ نے آگے پڑھنا نہیں ہے تو شادی کر دیں مگر سب نے

صرف نکاح کے لیے رضامندی ظاہر کی اس لیے صرف نکاح ہو رہا

Posted On Kitab Nagri

تھا۔

ہانیہ تو صاف کہہ چکی تھی جو مرضی کر لیں اب وہ آگے نہیں

پڑھے گی۔۔

زرار بچارا تو برا پھنس گیا تھا

اچھا اچھا سوری میری غلطی ہے میرے جوڑے ہاتھ دیکھو۔ توبہ

ہے میری جو اگلی بار کچھ بولا تو۔۔

اور حور عین میری بہن ہے میں جو مرضی کہوں یہ میرا اور اس کا

معاملہ ہے

اور تم ہانیہ شرم کرو میں تمھارا ہونے والا شوہر ہوں اور تم مجھے

Posted On Kitab Nagri

ہی ڈانٹ رہی ہو، کمال ہے

زرار تو کہتا ہی بھاگ گیا جانتا جو تھا کہ اب ہانیہ نے اس کو

چھوڑنا نہیں ہے۔۔

ہانیہ نے منہ بنا کر حور کی طرف دیکھا جو کھڑی ہنس رہی تھی

تم دانت نکال لو، جا رہی ہوں میں خبر دار جو مجھ سے بات کرنے

کی کوشش کی تو۔۔۔

ہانیہ اوپر اپنے کمرے کی طرف گئی تو حور عین بھی اس کے

پیچھے گئی جانتی تھی اب اس کو منانا پڑے گا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نکاح کا فنگشن شام میں تھا اس لیے دوپہر کو کھانے کے بعد ہانیہ

اور حور عین پالر چلی گئیں

شام کو ڈرائیور ان کو لینے آ گیا تھا

فنگشن ہال میں تھا اس لیے وہ دونوں سیدھا ہال میں ہی گئیں۔

ہانیہ کو برائیڈل روم میں لا کر جب حور عین نے ہانیہ پر سے چادر

ہٹھائی تو حور عین کے منہ سے ماشاءاللہ نکلا

ہانیہ واقعی بہت پیاری لگ رہی تھی

پیچ کلر کی کام دار لونگ میکسی اس پر نکاح کی مناسبت سے

ہلکا میک اپ، اور ماتھے پر لگی بندھیا اس پر اور نور برسا رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

حورعین شرارت سے بولی

آہ ہانیہ آج توزرا ربھائی گئے کام سے۔۔۔۔

ہانیہ حورعین کو گھورنے لگی مگر حورعین کی شرارتیں اس کو

شرمانے پر مجبور کر گئیں

حورعین بھی کیسی سے کم نہیں لگ رہی تھی

گرین کام دار فراک جو ہانیہ کی پسند تھا اس پر ہلکا میک اپ اور

جیولری کے نام پر کانوں میں کانٹے پہنے وہ کیسی کو بھی اپنی

طرف مائل کر سکتی تھی۔

تبھی ہانیہ کی والدہ اندر آئیں اور نکاح خواں کے آنے کا بتایا

Posted On Kitab Nagri

تھوڑی دیر بعد ہانیہ کے والد نکاح خواں کے ساتھ اندر آئے

ہانیہ اپنے والد کو دیکھ اپنے آنسوں پر قابو نا پاسکی

لمحوں میں وہ ہانیہ رحمان سے ہانیہ زرار احمد بن گئی۔۔۔

کچھ دیر بعد ہانیہ کو سٹیج پر زرار کے ساتھ بیٹھا دیا گیا

حورعین ہانیہ کے ساتھ تھی تبھی زرار نے حورعین کو مخاطب کیا
حورعین شاہ سے کوئی رابطہ ہوا

زرار کی بات پر حورعین اداس ہوگئی اور صرف نفی میں سر ہلایا

زرار نے سمجھ کر بولا

اس کو ضرور کوئی کام ہو گا جس وجہ سے نہیں آیا تم پریشان نا

Posted On Kitab Nagri

ہو سب ٹھیک ہو گا

حورعین "میں آتی ہوں" کہہ کر سٹیج سے نیچے چلی گئی

حورعین کے جاتے ہی زرار ہانیہ کی طرف متوجہ ہوا اور بولا

تو مسسز ہانیہ زرار احمد بن کر کیسا لگ رہا ہے۔۔۔

ہانیہ جو زرار کو جواب دینے کے لیے ہر وقت تیار رہتی آج اس سے

بولا ہی نہیں جا رہا تھا

زرار نے ایک مرتبہ پھر اس کے کان میں سرگوشی کی

آج رات میں آؤں گا تمھیں نکاح کا تحفہ دینے چینج مت کرنا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

زرار اتنا کہتے کیسی سے ملنے چلا گیا اور ہانیہ رات کو سوچ کر

ہی سرخ پڑھ گئی۔

oooooo

oooooooooo

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی وٹس اپ کریں۔

www.kitabnagri.com knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

زرار سیدھا سٹیج سے مین گیٹ کی طرف بڑھا جہاں سے ایک

خوبرو شخص اندر آرہا تھا زرار اس سے بغلگیر ہوا اور مصنوعی

ناراضگی سے بولا

اب بھی نہیں آنا تھا فنکشن ختم ہونے دیتے۔۔۔

وہ شخص بولا

کہتے ہو تو واپس چلا جاتا ہوں

زرار جانتا تھا وہ اپنی بات کا بہت پکا ہے اسی لئے فورا بولا

نہیں یار میں تو مذاق کر رہا تھا آجا تجھے اپنی فیملی سے ملواتا ہوں

زیادہ اس کو لے کر اپنی فیملی کی طرف بڑھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہر کسی کی نظریں اس شخص پر ٹھہر گئیں

اونچا لمبا قد، بھوری آنکھیں، سفید رنگت جبکہ چہرہ ماسک سے

ڈھانپا ہوا تھا لیکن ہر کوئی یقین سے کہہ سکتا تھا کہ یہ

خوبصورتی کا شاہکار ہے

زیاد نے سب سے اس کا دوست کی حیثیت سے تعارف کروایا۔۔۔۔۔

oooooooo

دوسری طرف حورعین ہانیہ اور اپنی باقی یونیورسٹی فیلو کے

ساتھ تھی تبھی ان کی دوستوں میں سے ایک نے حورعین کو

Posted On Kitab Nagri

مخاطب کیا اور بولی

حور عین تم بتاؤ تمہیں کیسا شخص اپنی زندگی میں چاہیے

حور عین بولی

میں نے ایک جگہ پڑھا تھا

"بیوی کے ساتھ کبھی مرد نہ بنو مرد اکتا جاتا ہے,بیوی کے ساتھ

کبھی شوہر بھی نہ بنو کہ انا بیچ میں آ جاتی ہے،بیوی کے ساتھ

ہمیشہ دوست بنو جس سے دونوں ایک دوسرے سے ساری باتیں

کر سکیں ایک دوسرے کو سمجھ سکیں۔۔۔"

بس مجھے بھی ایک ایسا شخص چاہیے جو مجھے سمجھے میری

Posted On Kitab Nagri

فکر کرے سب سے بڑھ کر میری عزت کرے۔۔۔۔

اتنا کہہ کر حورعین بولی

میں ابھی آتی ہوں

سٹیج سے اترتے ہی برائیڈل روم کی طرف گئی وہاں سے اپنا

سامان اٹھایا اور گھر جانے کے لیے نکلنے لگی

وہ ہانیہ کے والدین کے پاس اجازت طلب کرنے آئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماما بابا مجھے گھر جانا ہو گا کافی دیر ہو گئی ہے آپ جانتے ہیں

اگر نہ گئی تو مسئلہ بن جائے گا میں بس نکلتی ہوں۔۔۔۔

ہانیہ کے والد فوراً سے بولے

Posted On Kitab Nagri

بچے تھوڑی دیر رک جاؤ پھر ہم تمہیں خود ڈراپ کر دیں گے

ویسے بھی اندھیرا ہونے والا ہے تم اکیلی کیسے جاؤ گی۔۔۔

نہیں بابا میں چلی جاؤں گی ویسے بھی گھر سے فون آ رہے ہیں

آپ لوگ مہمانوں کے ساتھ بیزی ہیں میں چلی جاؤں گی ٹیکس لے

کر۔۔۔۔

ٹھیک ہے بچے جب گھر پہنچ جاؤں تو ہمیں انفارم کر دینا۔۔۔۔۔

جی ٹھیک ہے مگر میں نے ہانیہ کو نہیں بتایا ورنہ مجھے جانے نا

دیتی بعد میں آپ لوگ اسے بتائیے گا اور میری طرف سے سوری

Posted On Kitab Nagri

بھی کر لیجئے گا میں کل آنے کی کوشش کروں گی

اللہ حافظ۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے بچے اللہ حافظ اپنا خیال رکھنا۔۔۔۔

جی۔۔۔۔۔

حورعین ہال سے باہر آگئی تھی اور باہر اندھیرا بھی ہونے لگا تھا

اس وقت وہ وقت وہ اکیلے جانا مناسب نہ سمجھتی مگر گھر

سے فون آرہا تھا اور وہ جانتی تھی اگر وہ نہ جاتی یا لیٹ ہو

جاتی تو گھر میں جو تماشہ بنا تھا وہ اسی کو جھیلنا تھا اسی

لیے وہ اپنے ڈر پر قابو پاتے نکل پڑی ادھر اس نے کسی ٹیکسی

Posted On Kitab Nagri

کی تلاش میں نظر دوڑائی مگر جب کوئی نظر نہ آئی تو پیدل

چلنا شروع ہو گی۔۔۔۔۔۔۔

اس کی سوچیں بھٹک بھٹک کر شاہ کی طرف جا رہی تھیں کیا

واقعی شاہ اس کو بھول گیا تھا وہ اپنے کام میں اتنا مصروف

ہو گیا تھا کہ وہ یاد ہی نہیں رہی تھی پہلے تو ایسا نہیں تھا پہلے

تو اس کی ہر چھوٹی بات پر اس کے لئے سٹینڈ لیتا اس کے لئے

اپنے گھر والوں سے بھی لڑ جاتا اب جب اس کو اس کی ضرورت

تھی تو وہ تھا ہی نہیں اس نے ایک بار بھی فون نہیں کیا آج

پورے تین مہینے ہو گئے اس سے اس کا کوئی کنٹیکٹ ہی نہیں

Posted On Kitab Nagri

تھا۔۔۔

حور عین اپنی سوچوں میں ڈوبی ہوئی تھی جب کسی کی آواز

آئی وہ فوراً پیچھے مڑی اس کی چھٹی حس اسے اشارہ دے رہی

تھی کہ کچھ غلط ہونے والا ہے

پیچھے چار پانچ آوارہ لڑکے کھڑے تھے حور عین ان کو دیکھ کر

بغیر سوچے سمجھے آگے کی طرف بھاگنے لگی اس وقت اس کے

لئے اپنی جان بچانا زیادہ اہم تھا

وہ لڑکے حور عین کا ارادہ سمجھ گئے تھے اسی لئے حور عین کے

پیچھے بھاگے اور ان میں سے ایک لڑکے نے حور عین کا بازو پکڑ کر

Posted On Kitab Nagri

اسے روکا بازو پکڑنے کے چکر میں حورعین کی بازو پھٹ چکی تھی

حورعین تڑپ اٹھی بے شک حورعین پردہ نہیں کرتی تھی مگر اس

نے اب تک کی زندگی میں کسی نامحرم کو اپنے آپ کو ہاتھ تک

لگانے نہ دیا تھا تو اب کیسے برداشت کرتی حورعین فورا بولی

پلیز چھوڑ دیں مجھے، میں نے کچھ نہیں کیا مجھے جانے دیں

ان میں سے ایک لڑکا بولا

ارے ایسے ہی جانے دیں ابھی تو ہم لوگوں نے کچھ کیا ہی نہیں

تھوڑا مزہ تو کر لینے دو پھر تمہیں خود چھوڑ آئیں گے جہاں کہو گی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

حورعین کی اب صحیح معنوں میں جان ہوا ہوئی تھی

نہیں پلیز مجھے جانے دیں میں نے کچھ نہیں کیا

تبھی ایک لڑکا آگے آیا اور اپنے ہاتھ کی انگلیوں سے حورعین کا گال چھوا۔

اس لڑکی کو پہلے میں نے دیکھا تھا تو پہلے مزے بھی میں کروں

گا اس کے بعد تم لوگ لے لینا

حورعین میں نجانے کیسے ہمت آئی تھی کہ وہ اس لڑکے کے منہ پر تھپڑ

مار گئی مگر اب اس لڑکے کے بدلتے تاثرات دیکھ کر حورعین کو

اپنی غلطی کا احساس ہوا کہ اس وقت اس کو تھپڑ نہیں مارنا

چاہیے تھا مگر اب تو جو ہونا تھا وہ ہو گیا

Posted On Kitab Nagri

اس لڑکے نے حور عین کے بال جھکڑے اور بولا

سالی۔۔۔۔۔مجھے مارنے آئی ہے بڑے پر نکل آئے ہیں، تیرے سارے پر

تو میں کاٹوں گا

اسلام علیکم!
اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو
آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔www.kitabnagri.com
اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو
ابھی وٹس اپ کریں۔
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

وہ لڑکے حور عین کو گھسیٹتے ہوئے اپنی گاڑی کے پاس لے جانے لگے

حور عین نے دل میں دعا کی

" یااللہ میری مدد فرماتو تو اپنے بندے کو اتنا ہی آزماتا ہے جتنا

وہ برداشت کر سکتا ہو مجھ میں اور ہمت باقی نہیں رہی میں

اپنی عزت پر کوئی حرف آنے نہیں دے سکتی یااللہ میری مدد کر۔۔۔۔"

کہتے ہیں خدا اپنے بندوں سے ستر ماؤں سے زیادہ پیار کرتا ہے پھر

وہ اپنے بندوں کی التجا کیسے نہ سنتا

اسی وقت ایک گاڑی ان لڑکوں کے سامنے آ کر رکی اور ایک شخص

باہر آیا

Posted On Kitab Nagri

اس شخص کو دیکھ سب لڑکے کچھ وقت کے لئے مجسمہ بن گئے

اس شخص کی پرسنیلیٹی ہی ایسی تھی جو اگلے بندے کو

ٹھٹھکنے پر مجبور کر دے

لمبا قد، سفید کرتا شلوار پہنے، بھوری آنکھیں

کاندھوں پر سیاہ چادر لیے۔وہ خوبصورتی کا مجسمہ لگ رہا تھا

وہ شخص لڑکوں کے پاس آیا اور بولا

اس لڑکی کو چھوڑ دو۔۔۔۔۔۔

وہ لڑکے دو منٹ کے لیے رکے اور پھر بولے

Posted On Kitab Nagri

اگر تجھے بھی چاہیے تو ہم وقت گزارنے کے بعد تجھے بھی دے

دیں گے کہ تیرے حصے بھی آجائے گی مگر اس وقت تیرے لئے

یہی بہتر ہے کہ تو یہاں سے چلا جا۔۔۔

وہ شخص پھر بولا

میں نے کہا نہ اس لڑکی کو چھوڑ دو ورنہ اس کے بعد جو ہو گا

اس کے ذمہ دار تم سب خود ہو گئے۔

ان لڑکوں نے اس شخص کی بات پر قہقہہ لگایا اور بولے

کیا کرلے گا تو ہمیں بھی تو دکھا۔

اس شخص نے اپنے سامنے کھڑے لڑکے کے منہ پر ایک مکہ مارا

Posted On Kitab Nagri

باقی لڑکے بھی حور عین کو چھوڑ کر اس شخص کی طرف بڑھے

اب سین یہ تھا کے وہ شخص ان لڑکوں کا مار مار کر کچومر نکال

رہا تھا اور حور عین ایک طرف کھڑے سب تماشہ دیکھ رہی تھی

وہ سب لڑکے اپنی جان بچا کر بھاگ نکلے

اب سڑک پر صرف نور اور وہ شخص کھڑے تھے

وہ شخص نور کی طرف بڑھا تو ڈر کے مارے دو قدم پیچھے

ہو گئی وہ شخص بولا

ڈریں نہیں آپ جو بھی ہیں میں آپ کو نہیں جانتا مگر میں آپ کو

Posted On Kitab Nagri

باحفاظت گھر پہنچا سکتا ہوں۔۔۔

حور عین فوراً بولی

نہیں میں چلی جاؤں گی آپ کا شکریہ آپ نے مجھے بچایا

وہ شخص نور کی طرف دیکھتے ہوئے بولا

جیسے ابھی جا رہی تھیں ویسے ہی جائیں گی مجھ پر یقین

کریں میں آپ کو حفاظت سے گھر پہنچادوں گا میرا ارادہ غلط

نہیں ہے۔۔۔۔۔

اس شخص نے اپنی چادر اتار کر حور عین کی طرف بڑھائی تو

حور عین نے اپنی حالت پر غور کیا

Posted On Kitab Nagri

پھٹی بازو بکھرے بال کچھ اور ہی کہانی سنا رہے تھے

حورعین نے چادر لے کر خود کو ڈھانپا اور اس شخص پر بھروسا

کر کے اس کے ساتھ چل پڑی

حورعین اس کو نہیں جانتی تھی حتیٰ کہ وہ اس کا نام بھی نہیں

جانتی تھی چہرہ تو ویسے بھی اس شخص نے رومال سے ڈھانپ

رکھا تھا مگر حورعین کو اس کی آنکھوں میں کوئی ہوس نظر نہ

آئی۔اس کی آنکھوں میں احترام تھا۔۔۔اور مرد وہی ہوتا ہے جو

عورت کی عزت کرنا جانتا ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

○○○○○○○○○

حورعین زندگی میں پہلی بار کسی انجان شخص کے ساتھ سفر کر

رہی تھی ورنہ ہمیشہ وہ ہانیہ یا شاہ کے ساتھ ہی کرتی۔۔۔

اس وقت حورعین کے ذہن میں بہت سارے سوالات گردش کررہے

تھے کیا اس نے صحیح کیا ایک انجان کے ساتھ آتے مگر بے شک

وہ انجان تھا مگر اس نے اس کی عزت بھی بچائی اور حورعین

کو اس کی نیت بھی خراب نہیں لگی اس نے ایک مرتبہ بھی

حورعین کی طرف نہیں دیکھا حورعین کو نجانے کیوں اس

شخص کے ساتھ تحفظ محسوس ہوا۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

حورعین اپنی سوچوں میں تھی کہ اس شخص کے پکارنے کی آواز

آئی حورعین ہڑبڑا کر اس شخص کی طرف متوجہ ہوئی جس کا

ابھی تک وہ نام بھی نہیں جانتی تھی

جی جی۔۔۔۔۔۔

محترمہ اپنے گھر کا ایڈریس تو بتائیں۔۔۔۔۔

اس شخص نے ایک نظر حورعین کو دیکھا اور پھر سڑک پر نظریں

جمالیں

حورعین نے ایک ہی سانس میں اڈریس بتا دیا اور پھر سے

Posted On Kitab Nagri

خاموش ہو گئی اس پورے سفر میں اس کے بعد ان دونوں میں

کوئی بات چیت نہیں ہوئی

حورعین نے دیکھا کہ گاڑی ان کے گھر کی کالونی کے پاس

پہنچائی ہے تو اس نے اس شخص کو مخاطب کیا اور بولی

آپ مجھے یہی اتار دیں میں آگے چلی جاؤں گی تو وہ شخص

حورعین کی طرف دیکھ کر بولا آپ میری ذمہ داری ہے میں آپ

کو باحفاظت گھر پہنچا کر رہا ہوں گا اس کے بعد آگے آپ کی مرضی۔۔۔

تو حورعین فوراً بولی

نہیں پلیز آپ مجھے یہی اتار دیں اگر کسی نے آپ کو دیکھ لیا تو

Posted On Kitab Nagri

بہت ہنگامہ ہو گا جو میں نہیں چاہتی آپ یہاں سے چلے جاؤ

مجھے یہی پر اتار دیں

مگر وہ شخص ڈیھٹ بنا رہا اور حور عین کو گھر کے سامنے اتارا

ابھی اس نے گاڑی روکی ہی تھی کہ ان کے گھر کا دروازہ کھلا اور

اس کی سوتیلی ماں باہر نکلیں اور حور عین کو ایک شخص کے

ساتھ دیکھ کر ان کے چہرے پر شیطانی مسکراہٹ آئی جو

حور عین اور اس شخص کی نظروں سے بچ نہ سکیں۔۔۔

حور عین فورا گاڑی سے نیچے اتری اور اس شخص کو جانے کا بولا

Posted On Kitab Nagri

مگر تب تک شاید دیر ہو چکی تھی وہ عورت جو کہنے کو اس کی

ماں لگتی تھی اس نے شور کر کے پورے محلے کو اکٹھا کر لیا اور

ان پر بے بنیاد الزام لگانے شروع کر دیے حور عین سب برداشت کر

سکتی تھی مگر اپنی ذات پر اٹھنے والے غلط الزامات کبھی

برداشت نہیں کر سکتی تھی حور عین ان کے سوالات کے جوابات

دینے کے لئے اپنے آپ کو تیار کرنے لگی مگر تبھی اس کا باپ باہر

آیا اور باہر کا منظر دیکھ کر بغیر کچھ جانے حور عین کے منہ پر

تھپڑ دے مارا حور عین اپنی صفائی میں کچھ بولنے لگی تھی باپ

کے تھپڑ پر منہ پر قفل لگا لیا اور اپنے آپ سے وعدہ کیا کہ اپنی

Posted On Kitab Nagri

صفائی نہیں دے گی بہت برداشت کرلیں ان کی سختی اور بچپن

سے آج تک حورعین ہمیشہ صحیح ہوکر بھی غلط کہلائیں اور

غلطیوں کی سزا بھگتی جو اس نے کبھی کی ہی نہیں تھی

ہمیشہ وہ برداشت کرجاتی مگر آج سوال اس کی ذات پر اٹھا تھا

اس کے کردار پر اٹھا تھا وہ آج اپنی صفائی میں کچھ نہیں بولی

کیونکہ وہ جانتی تھی جتنا مرضی کے فائدے لیتی ان لوگوں نے

غلط اسے ہی ٹھہرانہ تھا اسے تو افسوس اس بات کا تھا کہ اس

کا اپنا سگا باپ اس کی بات پر یقین نہیں کرتا اس نے ایک دفعہ

Posted On Kitab Nagri

بھی نہیں سوچا کہ وہ اپنی بیٹی سے پوچھ لے کہ تم اس وقت

رات کو اس شخص کے ساتھ کیوں آئی ہو ایسی کیا مجبوری تھی

مگر اس نے تو بغیر کچھ سوچے سمجھے اس کے منہ پر تھپڑ دے

مارا۔۔۔۔۔

ان سب کو حورعین کے کردار پر کیچڑ اچھالنے پر سکون نہ ملا تو

اس شخص پر چڑھ ہے جس نے حورعین کی عزت بچائی تھی وہ

شخص کچھ نہ بولا اور ایک نظر حورعین کو دیکھا حورعین میں

برداشت ختم ہوگئی تھی وہ اپنی کردار کشی کرنے پر تو خاموش

رہی مگر اس شخص کے جس نے حورعین کی عزت بچائی تھی

Posted On Kitab Nagri

اس کی کردار پر کیچڑ اچھالنے نہیں دے سکتی تھی

حور عین فوراً بولی

بس کر دیا آپ سب اور کتنا تماشا لگائیں گے بچپن سے لے کر آج

تک آپ لوگوں کی باتیں برداشت کرتی آئی ہوں مگر ایک مرتبہ

بھی آپ لوگوں نے پوچھا کہ میں اس شخص کے ساتھ کیوں آئی

ہوں ایسی کیا مجبوری ٹھہری جو میں انجان شخص کے ساتھ

آئی ہوں ارے اس شخص نے تو میری عزت بچائی ہے اگر آج یہ نہ

آتا تو آج میں اپنی عزت سے ہاتھ دھو بیٹھی ہوتی آپ لوگ تو

کوئی فرق نہیں پڑتا نہ صرف تماشا لگانا آتا ہے بس گھر جائیں آپ

Posted On Kitab Nagri

لوگ بہت سن لی میں نے آپ لوگوں کی باتیں اب میں برداشت

نہیں کروں گی۔۔۔۔۔

حورعین روتے ہوئے چیخ رہی تھی

حورعین پیچھے مری اور اس شخص سے مخاطب ہوئی

آپ یہ میرے جڑے ہوئے ہاتھ دیکھیں پلیز خدا کے لئے یہاں سے

چلے جائیں میرے لیے مشکلات پیدا نہ کریں آپ کا احسان ہے جو

آپ نے میری عزت بچائی مگر یہاں کوئی آپ کا یہ احسان نہیں

سمجھے گا پلیز میری زندگی اور مشکل نہ بنائیں پلیز چلے جائیں یہاں سے۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

حورعین اس شخص کو جانے کا کہہ رہی تھی جو حورعین کی

حالت دیکھ کر جانے کے لیے پلٹا مگر آواز پر رک گیا

ارے اپنے عاشق کو کہا بھیج رہی ہو اپنا منہ کالا کر کے آگئی ہو اور

اب اپنے عاشق کو بچانے کے لیے اس کی منتیں کر رہی ہو بہت

خوب تم جیسی لڑکیاں یہی کام کر سکتی ہیں ارے میں نے تو کہا

تھا میرے بھائی سے اس کا نکاح کر دو مگر تم نے تو سنی ہی

نہیں اور دو اس کو چھوٹ میں نہ کہتی تھی ایک دن یہ ہم سب

کا منہ کالا کروا کر رہے گی مگر نہیں تم تو سنتے کہاں تھے اب

بھی وقت ہے میرے بھائی سے اس کا نکاح کروا دو اور اپنی عزت

Posted On Kitab Nagri

بچالو ورنہ اس نے تو پورے محلے میں ہمیں کہیں منہ دکھانے

جو گا نہیں چھوڑا۔۔۔۔

حور عین نے اس عورت کو دیکھا جو بے شک اس کی سوتیلی ماں

تھی لیکن تھی تو ایک عورت ہیں نا جو دوسری عورت پر کیچڑ

اچھال رہی تھی وہ تو پہلے ہی ہو رہے ہیں کو ناپسند کرتی تھی

اب تو اس کے پاس موقع تھا نور کو گھر سے بے دخل کرنے کا پھر

وہ یہ موقع کیسے جانے دیتی اور جس بھائی کی وہ بات کر رہی

تھیں وہ بڈھا حور عین جتنے دو بچوں کا باپ تھا اور جواب

Posted On Kitab Nagri

حور عین کے پیچھے پڑا تھا

پہلے تو اس کی سوتیلی ماں اپنے بھائی سے حور عین کا نکاح نہیں

کروا سکی کہ شاہ بیچ میں آگیا تھا اور اس نے منع کر دیا تھا کہ

حور عین کے ساتھ کوئی ایسی حرکت نہیں ہو گی اور خود

حور عین کا محافظ بنا تھا مگر اب جب شاہ یہاں موجود نہ تھا

تو ان کو روکنے والا کوئی نہیں تھا وہ چاہتی تھی حور عین ان

سب سے دور چلی جائے مگر حور عین کبھی اس شخص سے نکاح

نہیں کرے گی

وہ شخص جو حور عین کے ساتھ آیا تھا یہاں سب تماشہ دیکھ رہا

Posted On Kitab Nagri

تھا وہ کچھ بولنے ہی لگا تھا کہ حور عین اس سے مخاطب ہوئی

آپ، آپ ابھی تک یہی ہیں میں نے آپ سے کہا نا آپ پلیز جائیں آپ

یہاں سے میرے لیے مشکلات پیدا امت کریں

وہ شخص حور عین کو ایک نظر دیکھنے کے بعد گاڑی میں بیٹھا

اور وہاں سے چلا گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پیچھے لوگوں کو باتیں کرنے کا اور موقع مل گیا

حور عین کے والد نے اپنے محلے کے لڑکے کو بلایا اور مولوی
صاحب کو بلانے کا کہا

پھر اپنی بیوی کے بھائی سے مخاطب ہوئے

Posted On Kitab Nagri

عامر نکاح کی تیاری کرو نکاح ابھی ہو گا اور اس منحوسیت کو لے

جاؤ اپنے ساتھ ہم اس کی شکل بھی دیکھنا نہیں چاہتے۔۔۔۔

حورعین نے کچھ بولنا چاہا تو انہوں نے ہاتھ کے اشارے سے بولنے

سے روک دیا اور خود بولے

اگر تم نے زندگی میں کبھی مجھے اپنا باپ مانا ہے تو خاموشی

سے نکاح کروں گی ورنہ میرا مرہ منہ دیکھو گی

حورعین کیا بولتی خاموش ہو گئی اس وقت حورعین کو شاہ کی

شدت سے یاد آ رہی تھی کاش اس کو چھوڑ کر نہ جاتا محافظ بنا

Posted On Kitab Nagri

تھا اس کا تو محافظ ایسے ہوتے ہیں جو راستے میں ہی چھوڑ

جائیں۔۔۔۔۔۔

کچھ ہی دیر میں مولوی صاحب آ گئے تھے اور حورعین کو بھی

بیٹھا دیا گیا تھا اللہ جانے اس کی سوتیلی ماں کب سے تیاری کر

کے بیٹھی تھی جو لال دوپٹہ اس کے سر پر لا کر دیا

نکاح شروع ہو چکا تھا۔۔۔۔

حورعین افتخار عالم ولد افتخار عالم آپ کا نکاح عامر جہانزیب

ولد جہانزیب حسن سے حق مہر دس ہزار روپے کیا جا رہا ہے کیا

آپ کو قبول ہے۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مولوی صاحب جواب کا انتظار کر رہے تھے جبکہ دوسری طرف

بلکل خاموشی تھی

کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے۔۔۔

اس مرتبہ بھی خاموشی تھی اسی وقت ایک آواز اُبھری۔۔

اسلام علیکم!
اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو
آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔www.kitabnagri.com
اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو
ابھی وٹس اپ کریں۔
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri

whatsapp _ 0335 7500595

نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور سب اس کی طرف متوجہ ہوئے۔۔۔۔

نہیں کی آواز پر سب دروازے کی طرف متوجہ ہوئے حور عین جو

اپنی سوچوں میں گم تھی اور اپنے دل میں اپنے رب سے دعا کر

رہی تھی کہ کاش وہ ان سب سے بچ جائے وہ بھی دروازے کی

طرف متوجہ ہوئی جب دروازے پر کھڑے شخص کو دیکھ کر اس

کی حیرت کم ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی اسے یقین نہیں آرہا تھا

کہ وہ شخص آگیا ہے

Posted On Kitab Nagri

کچھ لمحوں کا کھیل تھا حور عین، حور عین افتخار سے حور عین

آرون شاہ بن گئی۔۔۔۔۔۔

تو کیا اس کا محافظ آ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

تو کیا اب اس کی زندگی میں آزمائشیں ختم ہو گئی تھیں۔۔۔۔۔

کیا اب اس کی زندگی ایک پرسکون زندگی کی طرح گزرے گی۔۔۔۔۔۔

کیا اس کا صبر رنگ لایا تھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس وقت حور عین کے ذہن میں بہت سارے سوال گردش کر رہے

تھے مگر ان سب سوالات کے جوابات صرف وقت کے پاس تھے کہ

وقت کبھی بھی پلٹ سکتا ہے وہ تو ایک کٹی پتنگ کی طرح تھی

Posted On Kitab Nagri

جو ہوا کے جھونکے کے ساتھ ہی ادھر ادھر ہو جاتی ہے اب نجانے

زندگی اس کو کس موڑ پر لے جانے والی تھی۔۔۔۔

○○○○○○○

حورعین کا نکاح کس طرح ہوا وہ نہیں جانتی تھی اس کا ذہن

ماؤف ہو چکا تھا

وہ نہیں سمجھ پا رہی تھی کہ زندگی اس کو کس موڑ پر لے آئی ہے

اب وہ حورعین آرون شاہ کے نام سے جانی جائے گی۔۔۔۔۔

نکاح کے فورا بعد ہی اس کی سوتیلی ماں نے اس کو یہاں سے

چلے جانے کا کہا تو آرون شاہ اس کو اپنے ساتھ لے جانے پر آمادہ

Posted On Kitab Nagri

ہو گیا

آرون شاہ نے ایک نظر اس کو دیکھا اور چلنے کا اشارہ کیا تو

حورعین آنکھوں میں اجنبیت لیے اس کو دیکھ رہی تھی

حورعین اس وقت کچھ بھی سوچنے سمجھنے کی حالت میں

نہیں تھی آرون اس کی حالت سمجھ سکتا تھا اسی لئے اس کا

ہاتھ پکڑ کر کے اسے اٹھایا اور باہر کی طرف چل پڑا۔۔۔۔۔۔۔۔

حورعین نہیں جانتی کب وہ گاڑی میں بیٹھی کب ان کا سفر طے

ہوا اسے تو ہوش گاڑی رکنے پر آیا۔۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

حورعین نے دیکھا ہے یہ ایک چھوٹا مگر خوبصورت سا گھر

تھا۔۔۔

آرون نے حورعین کی طرف دیکھا اور بولا

چلیں۔۔۔

حورعین آنکھوں میں سوال لیے آرون کی طرف مڑی تو آرون اس

کی آنکھوں میں سوال پڑھ کر گاڑی سے اترا اور اس کی طرف آ

کر دروازہ کھولا کہ وہ باہر آسکے۔۔۔

حورعین باہر نکل آئی مگر اب بھی سوالیہ نظروں سے آرون کی

طرف دیکھ رہی تھی جس کا صرف وہ نام جانتی تھی اور اب

Posted On Kitab Nagri

اس کو اسی کے ساتھ پوری زندگی گزارنی تھی آرون کا چہرہ

ابھی بھی رومال سے ڈھکا ہوا تھا۔۔۔۔۔

آرون کچھ نہ بولا اور حورعین کا ہاتھ پکڑ کے اسے گھر کے اندر لے

آیا گھر اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا آرون نے تمام لائٹس آن کیں اور

حورعین کو لاؤنج میں پڑے صوفے پر بٹھایا اور خود کچن سے

اس کے لئے پانی لینے چلا گیا۔۔۔۔۔

حورعین گھر کا تفصیلی جائزہ لے رہی تھی کہ آرون نے پانی کا

